NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON RELIGIOUS AFFAIRS AND INTER-FAITH HARMONY ON "THE PROTECTION OF PERSONS AGAINST FORCED RELIGIOUS CONVERSION BILL, 2019"

I, Chairman of the Standing Committee on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony have the honour to present report on the Bill to provide for protection of persons against forced conversion of their religion "The Protection of Persons Against Forced Religious Conversion Bill, 2019" (Private Member's Bill) referred to the Standing Committee on 8th May, 2019.

2. The Committee comprises the following:

01.	**Mr. Asad Mahmood**	**Chairman**
02.	Mr. Saleem Rehman	Member
03.	Sahibzada Sibghatullah	Member
04.	Mr. Muhammad Bashir Khan	Member
05.	Prince Muhammad Nawaz Allai	Member
06.	Mr. Mujahid Ali	Member
07.	Mr. Muhammad Iqbal Khan	Member
08.	Raja Riaz Ahmad	Member
09.	Ch. Javed Iqbal Warraich	Member
10.	Mr. Jamshed Thomas	Member
11.	Ms. Saira Bano	Member
12.	Ms. Shunila Ruth	Member
13.	Choudhary Faqir Ahmed	Member
14.	Begum Tahira Bokhari	Member
15.	Syed Imran Ahmad Shah	Member
16.	Mr. Kesoo Mal Kheeal Das	Member
17.	Mahar Irshad Ahmad Khan	Member
18.	Pir Syed Fazal Ali Shah Jillani	Member
19.	Ms. Shagufta Jumani	Member
20.	Ms. Shahida Akhtar Ali	Member
21.	Mr. Noor-ul-Haq Qadri Minister for Religious Affairs and Inter-Faith Harmony	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-'A', in its meetings held on 6th September 2019, 27th September 2019, 28th February 2020 and 28th July 2020. The Committee recommends that the Bill may not be passed by the National Assembly.

-Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 4th September, 2020

-Sd/-
(ASAD MAHMOOD)
Chairman

[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A
BILL

to provide for protection of persons against forced conversion of their religion

WHEREAS, it is necessary to criminalize forced conversions and provide for protection for those who are victims of this abhorrent practice;

AND WHEREAS, the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan provides and protects the rights of all persons to choose and practice their own religion and the freedom of choice of marriage;

AND WHEREAS, the Government of Pakistan is obligated to fulfill its commitments under international human rights conventions including the Universal Declaration of Human Rights, the Child Rights Convention, Convention for the Elimination of all Discrimination Against Women, International Convention of Civil and Political Rights and International Convention of the Economic, Cultural and Social Rights;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and Commencement.**- (1) This Act may be called the Protection of Persons against forced Religious Conversion Bill, 2019.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

CHAPTER I – DEFINITIONS

2. **Definitions.**- (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "Abettor" means as defined in section 108 of the Pakistan Penal Code, 1860;

(b) "Accused" means any person against whom a charge of forced conversion is being laid;

(c) "Adult" means any person who is above the age of 18 years;

(d) "Aggrieved person" means any person who has been directly or indirectly adversely affected by an offence of forced conversion;

(e) "Child" means any person under the age of eighteen years;

(f) "Child marriage" means child marriage as defined in the Child Marriage Restraint Act, 1929;

(g) "Child Protection Institute" means any such government facility or registered voluntary organization established for the admission, care, protection and rehabilitation of persons, particularly children and women and may include remand houses, shelter homes, hostels and other such institutions;

(h) "Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898);

(i) "Coercion" means compulsion by physical force or threat of physical force;

(j) "Consent" means informed and voluntary consent that is given freely without any coercion, undue influence, fraud or misrepresentation by an adult with full knowledge of the implications of the consent and any alternatives;

(k) "Conversion" or "Convert" means when a person adopts new religious beliefs that defer from the person's previous beliefs;

(l) "Court" means any court notified by the Federal or Provincial Government for the purposes of this Act;

(m) "Duress" means a threat of harm, whether physical, psychological or emotional, made to compel a person to do something against his or her will or judgment;

(n) "Force" means power, violence, or physical, emotional or psychological pressure directed against a person or a thing;

(o) "Forced marriage" means a marriage where one or both parties have not given their consent and is prohibited under Section 498B of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860);

(p) "Government" means the Government of Pakistan or Government of any province of Pakistan;

(q) "Informer" means a person who has credible information that an offence is about to be or is being or has been committed under this Act and who has no interest adverse to the victim or to the accused;

(r) "Majority" means attaining the age of 18 by any person;

(s) "Minor" means a person below the age of 18;

(t) "Notification" means a notification published in the Official Gazette;

(u) "Prescribed" means prescribed by the rules made under this Act;

(v) "Service provider" means any such Government facility or registered voluntary organization established for the protection of victim providing shelter, legal, medical, financial or any other assistance;

(w) "Threat" means a communicated intent to inflict harm or loss on another person or on another person's property or relative or member of their community, especially one that might diminish a person's freedom to act voluntarily or with lawful consent; and

(x) "Victim" means any person who is subjected to forced conversion as defined under this Act;

(2) Words and phrases not defined in this Act shall have the same meaning as assigned to them in the Pakistan Penal Code, 1860, (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898).

CHAPTER II – ROLE OF GOVERNMENT

3. **Role of Government**.– (1) Government shall ensure that,-

(a) A notification is issued to all law enforcement agencies, relevant bodies, institutions. Committees and commissions to ensure the enforcement of this Act;

(b) This Act and the contents thereof receive wide publicity through electronic and print media in English and Urdu;

(c) The Government officers, the police and the members of the judicial service are given periodic sensitization and awareness training on the issues addressed by this Act;

(d) Effective protocols are formulated by the concerned Ministries and Departments which may include those relating to minorities, health, education, women, social welfare and labour, to address the issue of forced conversion and that the same are periodically revised;

(e) Support services which shall include but not be limited to shelter, legal aid, medical aid etc. are made available for the support of victim;

(f) Shelters specifically for victims of forced conversions are available;

(g) Specific courts are notified to hear cases of forced conversion and until such notifications are issued, courts of competent jurisdiction shall hear all cases falling under this Act; and

(h) Any other role it deems appropriate for the proper implementation of this Act.

(2) The Government may notify a particular Commission, Committee or institution with a primary focus on human rights, to oversee and ensure the implementation of this Act.

(3) The Government shall provide additional budget, infrastructure, resources and staff for the Commission, Committee or institution notified under sub-section (2).

CHAPTER III – AGE OF CONVERSION

4. **Age of Conversion.-** (1) No person shall be deemed to have changed their religion until they attain the age of majority.

(2) Any minor who claims to have changed their religion before attaining majority shall not be deemed to have changed their religion and no action shall be taken against him or her for any such claim or action made by the minor.

(3) Nothing in sub-sections (1) and (2) shall extend to circumstances where the parents for guardians of the minor decide to change the religion of the family.

CHAPTER IV – DEFINITION AND PUNISHMENT

5. **Definition of Forced Conversion.-** Forced Conversion means forcing a person to adopt another religion under duress, force, coercion or threat.

Explanation.– Any such duress, force, coercion or threat may be directed against a member of the victim's family, loved one, community or property.

Explanation.– A forced conversion can take place through different modes which shall include but not be limited to marriage, bonded labour etc.

6. **Punishment for Forced Conversion.-** (1) Any person who forcefully converts another person in a manner defined in Section 5 of this Act shall be liable to imprisonment of either description for a term which shall not be less than five years and shall also be liable to fine.

Provided that money charged as a fine shall be paid to the victim.

(2) In a case of forced conversion, the accused, in addition to a charge of forced conversion shall also be liable, where applicable, for offences which may include but not be limited to:

a) Child marriage under the Child Marriage Restraint Act, 1929;

b) Forced marriage under Section 498B of the Pakistan Penal Code 1860;

c) Wrongful Confinement under Chapter XVI of the Pakistan Penal Code, 1860;

d) Rape under Section 375 and 376 of the Pakistan Penal Code, 1860;

e) Kidnapping, abducting or including a woman to compel for marriage etc. under Section 365B of the Pakistan Penal Code, 1860;

f) Kidnapping or abduction from lawful guardianship under Section 361 of the Pakistan Penal Code, 1860

g) Kidnapping or abducting a person under the age of fourteen under Section 364A of the Pakistan Penal Code, 1860;

h) Kidnapping or abducting in order to subject person to grievous hurt, slavery etc. under Section 367 of the Pakistan Penal Code, 1860;

i) Bonded labour under relevant sections of the Bonded Labour System (Abolition) Act, 1922; and

j) Any other law for the time being in force.

CHAPTER V – MECHANISMS OF COMPLAINT

7. **Petition to Court.** (1) A victim, aggrieved person or any person authorized by the victim or an informer may present a petition to the court within whose jurisdiction-

(i) the aggrieved person or victim resides or carries on business;

(ii) the accused resides or carries on business;

(2) The court shall fix the first date of hearing, which shall not exceed seven days from the date of the receipt of the petition by the court.

(3) On receipt of such petition, the court shall, with or without issuing an interim order, issue a notice upon the accused calling upon him to show cause within seven days of receipt of notice.

(4) Any such notice shall be issued as per law by all modes at once, namely; through bailiff, pasting, publication and courier all at once and if notice is served by any one of these modes, the notice shall be deemed to have been served.

(5) Any case of forced conversion before the Court shall be disposed of within a period of ninety days and any adjournment given during the hearing of the petition shall be granted for reasons to be recorded in writing by the Court.

Provided that the Court may take cognizance of any complaint or First Information Reports registered with the police.

CHAPTER VI

RESCUE, CUSTODY AND SPECIAL PROCEDURES IN CASE OF FORCED CONVERSION

8. **Rescue and recovery of victim.-** A police officer or any person given such authority under the law upon receiving information of a case of forced conversion may, upon investigation, take into custody the victim and produce her or him before the Court within twenty-four hours of taking the person into such custody;

9. **Warrant to search.-** (1) If it appears to a Court from information received on oath or solemn affirmation laid by any person who, in the opinion of the Court, is acting in the interest of the victim that there is reasonable cause to suspect that an offense of forced conversion has been or is being committed or unless immediate steps be taken, will be committed, the Court may make orders to any police officer or any person authorized under the law to search for such alleged victim and if it is found that the person is a victim or intended victim of forced conversion, to remove her or him and deal with her or his custody in accordance with the provisions of the Act and Rules.

(2) The officer executing the warrant may be accompanied by the person laying the information, and may also, if the Court by whom the warrant is issued so directs, be accompanied by the police or any person so authorized by the law or Court or by both.

(3) The Court issuing a warrant under this section may in its discretion by the same warrant direct that any person accused of an offence under this Act be apprehended and brought before it.

10. Temporary custody.- (1) Where a victim or an accused is taken into custody in accordance with Section 8 or 9, she or he shall immediately be produced before the Court and if immediate production of the victim or accused before the Court is not possible due to any reason, the victim shall immediately be taken to the nearest shelter home of a service provider or a child protection institute; and the accused shall be immediately taken to the nearest police station within the jurisdiction of the Court till her or his production before the Court within the stipulated time.

(2) In cases of alleged forced conversion through marriage of a child, the court shall:

(a) make certain whether the victim is a child;

(b) upon being satisfied that the victim is a child, place the child in the custody of the parents or guardian of the child, unless the court has reason to believe that this may not be in the best interests of the child;

(c) Provide in writing, reasons for not placing the child in the custody of his or her parents or guardians;

(d) Ensure temporary custody in a child protection institute during pendency of the trial if the child is not being placed in the custody of parents or guardians; and

(e) Ensure that the custody of the child shall not be given to the alleged spouse, his or her family or any person connected therewith, recognizing that child marriages are a criminal offence under Child Marriage Restraint Act, 1929.

(3) In case of alleged forced conversion through marriage of an adult, the victim shall be given temporary custody in a shelter home of a service provider during the pendency of the trial, unless she or he can provide a cogent reason to the contrary.

(4) While providing temporary custody as per sub-section (2) and (3), the court may use its discretion in the interest of security, to withhold the information of the location of where the victim is residing from any person with the exception of necessary official personnel.

(5) Any person who discloses the location of where the victim is residing in contravention of the orders of the court shall be liable to penalties as contempt of court under the Contempt of Court Ordinance, 2003 (Ordinance IV of 2003) and any other penalties seen fit by the Court.

(6) The victim in temporary custody identified in sub-sections (2) and (3) may be allowed to meet her or his parents, guardians, husband, intended bridegroom or in laws only upon her or his voluntary written consent.

Provided that any such meeting shall be supervised by a police officer or a senior employee of the service provider or child protection institution or any other person authorized by the court.

Provided further that any such meeting may be given police protection at the discretion of the court.

11. Allowing Time for True Decision of any Person.- (1) In case of alleged forced conversion of an adult, the court shall allow the alleged victim twenty one days for an independent decision regarding conversion to a new religion before initiating a case of forced conversion under this Act.

(2) During this time period, he or she may be provided the opportunity to study comparative religions of he or she desires.

(3) Upon completion of the time period, the alleged victim shall record a statement before the court starting whether he or she has converted his or her religion with their own consent and will.

(4) Upon the request and consent of an adult victim to the Court, the provisions of sub-section (1) may be by-passed and a case of forced conversion may be initiated immediately.

12. Special measures may be adopted.- (1) Special measures may be put in place in cases of forced conversion during the investigation and trail of the matters at the discretion of the court. These special measures may include but not be limited to;-

(i) holding the trial in a different and secure location with the approval of the court;

(ii) withholding the location of where the victim is residing from any person with the exception of necessary official personnel;

(iii) taking the victims statement and evidence in a secure location approved by the court;

(iv) providing police protection enduring transport of the victim to and from court;

(v) passing an order or injunction to prohibit removal of the victim from Jurisdiction of the court or police station;

(vi) to conduct an in camera trial or any other necessary order as per the circumstances; and

(vii) Initiate immediate and fast tracked divorce proceedings upon the consent of the victim of forced conversion through marriage if the accused is found guilty.

(2) The Court shall take appropriate measures to provide adequate security to the prosecution witnesses, investigating officers, prosecutors, the victim, her or his family and the Judges during the pendency of investigation and trial, and if necessary, after the trial.

13. Presence of the Persons in cases involving a Child. (1) No person shall be present at sitting of a court involving a case of a child with exception those indentified in the Act hereunder:

(i) The members of the parties of the court;

(ii) The parties to the case before the court and other persons the Court and other persons directly concerned in the case including the police officers; and

(iii) such other persons as the Court specially authorizes to be present.

14. Withdrawal of persons from Court.- If at any stage during the course of a trial of a case or proceeding, a Court considers it expedient in the best interest of the victim to direct any person, including the parent, guardian or the victim's spouse, supporters etc. to withdraw, the Court may give such direction and thereupon such person shall withdraw, if any person refuses to withdraw, the Court may take steps to remove him or her and hold him or her in contempt of court under the Contempt of Court Ordinance 2003 (IV of 2003).

15. Withdrawal of persons from Court During Examination.- (1) If at any stage during the course of a trial, when the victim is examined, any court trying the case or holding the proceeding may direct such persons as it thinks fit, not being parties to the case or proceeding their legal advisors and the officers concerned with the case or proceeding, to withdraw. Such persons shall then withdraw. If any person refuses to withdraw, the Court may take steps to remove him and hold him in contempt of court under the Contempt of Court Act Ordinance 2003 (IV of 2003).

(2) The Court may use its description and allow the examination of the victim to be conducted in camera, through video link in a secure location approved by the court or with the use of screens or employ any other such means if necessary in the best interests of the victims.

16. Prohibition of publication of Names Addresses etc. of Children and persons of Unsound Mind involves in Cases or proceeding.- No report in any newspaper, magazine, news sheet or any mode of social media of any case or proceeding in any Court in which a child or a person of unsound mind is involved, shall disclose the name, address or school or include any particulars calculated to lead directly or indirectly to the identification of any such child or person of unsound mind or shall include any picture of any such child or person of unsound mind in their best interest.

Provided that for reasons to be recorded in writing the Court trying the case or holding the proceeding may permit the disclosure of the name or any other approved information relating to the case or proceeding, if in its opinion such disclosure is in the interest of the welfare of the child or person of unsound mind and is not likely to have an adverse effect.

17. Case involving child Marriage.- (1) In case involving child marriages, provisions of the Child Marriage Restraint Act, 1929 and its rules shall be applicable in addition to the provisions of this Act.

(2) For purposes of expediency, the case under the Child Marriage Restraint Act, 1929 and this Act may be clubbed and heard simultaneously.

18. Offences to be cognizable, non-bailable and non-compoundable.- An offence punishable under this Act shall be cognizable, non-bailable and non-compoundable.

19. Rules of Procedure.- Save as otherwise provided in this Act, all proceedings taken and offences committed under the provisions of this Act, shall be governed by the Code of Criminal Procedure, 1898.

20. Presumption of Good Faith.- No suit prosecution or other legal proceedings shall lie against any public servant, informer service provider or child protection institute for anything which is done in good faith or purported to be done under this Act.

21. Saving.- The Provisions of this Act shall be in addition to, and not in derogation of, any other law for the time being in force.

22. Power to make rules.- Government may by notification in the Official Gazette make rules for carrying out the purposes of this Act.

23. Removal of Difficulties.- If any difficulty arises in giving effect to any provision of this Act, Government may make an order not inconsistent with the provisions of this Act to remove the said difficulty.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

To make provisions for protection of persons against forced conversion of their religion; Recognizing the right of freedom of religion of all persons; Recognizing the right of freedom to marry and freedom of choice of marriage of all persons; Recognizing that forced conversion is an abhorrent, violent and offence and an issue that has become prevalent across the country and must be eliminated; Recognizing the importance of tolerance, peace and respect for all religions and persons, irrespective of their religion;

It is necessary to criminalize forced conversions and provide for protection for those who are victims of this abhorrent practice.

The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan provides and protects right of all persons to choose and practice their own religion and freedom of choice of marriage;

The Government of Pakistan is obligated to fulfill its commitments under international human rights conventions including the Universal Declaration of Human Rights, the Child Rights Convention, Convention for the Elimination of all Discrimination Against Women, International Convention of Civil and Political Rights and International Convention of the Economic, Cultural and Social Rights, hence this Bill.

The Bill seeks to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-

DR. RAMESH KUMAR VANKWANI
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کا بل، ۲۰۱۹ء (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر رمیش کمار وینکوانی، رکن قومی اسمبلی) پر قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی ۸/ مئی، ۲۰۱۹ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ بل بعنوان "افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کا بل، ۲۰۱۹ء" (رکن کا بل) پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	**جناب اسعد محمود**	**چیئرمین**
۲۔	جناب سلیم رحمان	رکن
۳۔	صاحبزادہ صبغت اللہ	رکن
۴۔	جناب محمد بشیر خان	رکن
۵۔	پرنس محمد نواز الائی	رکن
۶۔	جناب مجاہد علی	رکن
۷۔	جناب محمد اقبال خان	رکن
۸۔	راجہ ریاض احمد	رکن
۹۔	چوہدری جاوید اقبال وڑائچ	رکن
۱۰۔	جناب جمشید تھامس	رکن
۱۱۔	محترمہ سائرہ بانو	رکن
۱۲۔	محترمہ شنیلہ روت	رکن
۱۳۔	چوہدری فقیر احمد	رکن
۱۴۔	بیگم طاہرہ بخاری	رکن
۱۵۔	سید عمران احمد شاہ	رکن
۱۶۔	جناب کیسو مل کھیل داس	رکن
۱۷۔	مہر ارشاد احمد خان	رکن
۱۸۔	پیر سید فضل علی شاہ جیلانی	رکن
۱۹۔	محترمہ شگفتہ جمانی	رکن
۲۰۔	محترمہ شاہدہ اختر علی	رکن
۲۱۔	جناب نور الحق قادری وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۶/ ستمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۷/ ستمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۸/ فروری، ۲۰۲۰ء اور ۲۸/ جولائی، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ الف کے طور پر پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(اسعد محمود)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۴/ ستمبر، ۲۰۲۰ء

مُنسلکہ 'الف'

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

افراد کو اپنا مذہب جبراً تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے احکام وضع کرنے کا

بل

چونکہ یہ ضروری ہے کہ مذہب کی جبراً تبدیلی کو جرم گردانا جائے اور اس گھناؤنے جرم کے متاثرہ افراد کو تحفظ فراہم کیا جائے؛

چونکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور تمام افراد کو اپنا اپنا مذہب اختیار کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے اور پسند کی شادی کرنے کی آزادی کا حق فراہم کرتا ہے اور اس کو تحفظ دیتا ہے؛

چونکہ حکومت پاکستان بین الاقوامی انسانی حقوق کے کنونشنز بشمول انسانی حقوق کے آفاقی اعلامیہ، بچوں کے حقوق کا کنونشن، خواتین کے خلاف تمام امتیازات کے خاتمہ کی بابت کنونشن، بین الاقوامی کنونشن برائے دیوانی اور سیاسی حقوق اور بین الاقوامی کنونشن برائے اقتصادی، ثقافتی اور سماجی حقوق کے تحت اپنے عہد و پیمان کو پورا کرنے کی پابند ہے؛

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے قانون وضع کیا جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ __مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔__ (۱) ایکٹ ہذا افراد کو جبراً مذہب تبدیل کرنے سے تحفظ فراہم کرنے کا بل، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

__باب اول۔ تعریفات__

۲۔ __تعریفات۔__ (۱) ایکٹ ہذا میں بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی امر اس کے منافی ہو؛۔

(الف) "اعانت کنندہ" سے مراد وہی ہے جیسا کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۱۰۸ میں بیان کیا گیا ہے؛

(ب) "ملزم" سے مراد مذہب کی جبری تبدیلی کرانے کے الزام کا سامنا کرنے والا شخص ہے؛

(ج) "بالغ" سے مراد وہ شخص ہے جس کی عمر اٹھارہ سال سے زائد ہو؛

(د) "متاثرہ شخص" سے مراد وہ شخص ہے جو جبراً مذہب کی تبدیلی کے کسی جرم سے براہ راست یا بالواسطہ طور پر متاثر ہوا ہو؛

(ہ) "بچہ" سے مراد اٹھارہ سال سے کم عمر کا کوئی شخص ہے؛

(و) "بچے کی شادی" سے مراد وہی ہے جیسا کہ بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء میں بیان کیا گیا ہے؛

(ز) "بچے کے تحفظ کا ادارہ" سے مراد اشخاص خصوصاً بچوں اور خواتین کے داخلے، نگہداشت، تحفظ اور بحالی کے لئے قائم کردہ وہ سرکاری ادارہ یا رجسٹرڈ رضاکار تنظیم ہے اور اس میں حراست خانے، پناہ گاہیں، ہاسٹلز اور دیگر ایسے ادارے شامل ہیں؛

(ح) "ضابطہ" سے مراد مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) ہے؛

(ط) "جبر" سے مراد جسمانی طاقت یا طاقت کی دھمکی کے ذریعے جبر ہے؛

(ی) "رضامندی" سے مراد معلومہ اور رضاکارانہ رضامندی ہے جو رضامندی اور کسی متبادل کے مضمرات کے مکمل علم سے کسی بالغ کی جانب سے کسی جبر، بے جا اثر، دھوکا یا غلط بیانی کے بغیر آزادانہ طور پر دی جائے؛

(ک) "مذہب کی تبدیلی" یا "مذہب تبدیل کرنے والا" سے مراد ہے جب کوئی شخص نئے مذہبی عقائد اختیار کرتا ہے جو اس شخص کے سابقہ عقائد سے مختلف ہوتے ہیں؛

(ل) "عدالت" سے مراد ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لئے وفاقی یا صوبائی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ عدالت ہے؛

(م) "اکراہ" سے مراد نقصان کا خطرہ، چاہے جسمانی، نفسیاتی یا جذباتی ہو، جو ایک شخص مرد یا عورت، کو اس کی مرضی یا فیصلہ کے برعکس کوئی کام کرنے پر مجبور کرے؛

(ن) "طاقت" سے مراد کسی شخص یا چیز کے خلاف طاقت، تشدد، یا جسمانی، جذباتی یا نفسیاتی دباؤ کا استعمال ہے؛

(ع) "جبری شادی" سے مراد ایک ایسی شادی ہے جہاں ایک یا دونوں فریقین نے رضامندی نہ دی ہو اور مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۴۹۸ ب کے تحت ممنوع ہو؛

(غ) "حکومت" سے مراد حکومت پاکستان یا پاکستان کے کسی صوبہ کی حکومت ہے؛

(ف) "مخبر" سے مراد ایسا شخص ہے جس کے پاس قابل اعتماد معلومات ہوں کہ ایکٹ ہذا کے تحت ایک جرم ہونے والا ہے یا کیا جا رہا ہے یا اس کا ارتکاب ہو چکا ہے اور جس کا متاثرہ شخص یا ملزم کے خلاف کوئی مفاد نہ ہو؛

(ص) "بلوغت" سے مراد کسی شخص کا اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنا ہے؛

(ق) "کم سن" سے مراد اٹھارہ سال سے کم عمر کا کوئی شخص ہے؛

(ر) "نوٹیفکیشن" سے مراد سرکاری جریدہ میں شائع کردہ ایک نوٹیفکیشن ہے؛

(ش) "مجوزہ" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت مقرر کردہ ہے؛

(ت) "خدمت فراہم کنندہ" سے مراد متاثرہ شخص کو پناہ گاہ، قانونی، طبی، مالی یا کوئی دیگر امداد فراہم کرتے ہوئے تحفظ دینے کے لئے قائم کردہ کوئی بھی سرکاری سہولت یا رجسٹرڈ رضاکارانہ تنظیم ہے؛

(ث) "دھمکی" سے مراد کسی دوسرے شخص یا کسی دوسرے شخص کی جائیداد یا رشتہ دار یا اس کی برادری کے رکن کو تکلیف یا نقصان پہنچانے کا بیانیہ ارادہ ہے، خاص طور پر وہ جو کسی شخص کی رضاکارانہ یا قانونی رضامندی کے ساتھ کام کرنے کے عمل کی آزادی کو کم کر سکتا ہو؛ اور

(خ) "متضرر" سے مراد وہ شخص ہے جس کا مذہب زبردستی تبدیل کروایا گیا ہو، جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت بیان کیا گیا ہے؛

(۲) جن الفاظ اور جملوں کی اس ایکٹ میں تعریف نہیں کی گئی ہے ان کے وہی معنی ہوں گے جو انہیں مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں تفویض لئے گئے ہیں۔

باب دوم۔ حکومت کا کردار

۳۔ **حکومت کا کردار۔** (۱) حکومت درج ذیل کو یقینی بنائے گی کہ۔-

(الف) قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں، متعلقہ حلقوں، اداروں کمیٹیوں اور کمیشنوں کو ایکٹ ہذا کا نفاذ یقینی بنانے کے لئے ایک نوٹیفکیشن جاری کرے؛

(ب) انگریزی اور اردو میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے ایکٹ ہذا اور اس کے مندرجات کی وسیع پیمانے پر تشہیر ہو؛

(ج) ایکٹ ہذا کے تحت نمٹائے جانے والے معاملات پر سرکاری افسران، پولیس اور عدلیہ کے اراکین کو میعادی شعور اور آگہی کی تربیت دی جائے؛

(د) جبری طور پر مذہب کی تبدیلی کے معاملات سے نمٹنے کے لئے متعلقہ وزارتوں اور محکموں، جن میں اقلیتوں، صحت، تعلیم، خواتین، سماجی بہبود اور لیبر سے متعلقہ محکمہ شامل ہوں، کے ذریعے مؤثر پروٹوکول مرتب کئے جائیں اور یہ کہ ان کا میعادی جائزہ لیا جائے؛

(ہ) متاثرہ افرد کی مدد کے لئے امدادی خدمات جن میں بلا تحدید پناہ گاہ، قانونی مدد، طبی مدد وغیرہ شامل ہیں فراہم کی جائیں؛

(و) مذہب تبدیل کرنے پر مجبور کئے جانے والے ستم رسیدہ افراد کے لئے خصوصی طور پر پناہ گاہیں مہیا کی جائیں؛

(ز) مذہب تبدیل کرنے پر مجبور کئے جانے کے مقدمات کی سماعت کے لئے خصوصی عدالتوں کا اعلان کیا جائے اور ایسا اعلان جاری ہونے تک مجاز دائرہ اختیار کی حامل عدالتیں ایکٹ ہذا کے زمرے میں آنے والے تمام مقدمات کی سماعت کریں گی؛ اور

(ح) کوئی دیگر کردار انجام دینا جو ایکٹ ہذا پر صحیح طور پر عمل درآمد کرنے کے لئے مناسب تصور کیا جائے۔

(۲) حکومت کسی خصوصی کمیشن، کمیٹی یا ادارے کا اعلان کر سکتی ہے جس کا بنیادی مقصد ایکٹ ہذا پر انسانی حقوق کے حوالے سے عمل درآمد کا مشاہدہ کرنا اور اس کو یقینی بنانا ہو گا۔

(۳) حکومت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت اعلان کردہ ایسے کمیشن، کمیٹی یا ادارے کے لئے اضافی بجٹ، انفراسٹرکچر، وسائل اور عملہ فراہم کرے گی۔

باب سوم۔ تبدیلی مذہب کی عمر

۴۔ **تبدیلی مذہب کی عمر۔** (۱) کسی شخص کے بارے میں یہ تصور نہیں کیا جائے گا کہ اس نے مذہب تبدیل کر لیا ہے تاوقتیکہ وہ بلوغت کی عمر کو نہ پہنچ جائے۔

(۲) کوئی کم سن جو سن بلوغت کو پہنچنے سے قبل اپنا مذہب تبدیل کرنے کا دعویٰ کرے گا تو یہ تصور نہ کیا جائے گا کہ اس نے مذہب تبدیل کر لیا ہے اور کم سن کی جانب سے کئے گئے ایسے کسی دعویٰ یا عمل پر اس (مرد یا عورت) کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

(۳) ذیلی دفعات (۱) اور (۲) میں مذکور کوئی چیز ان حالات پر وسعت پذیر نہیں ہو گی جہاں اس کم سن کے والدین یا سرپرست خاندان کے مذہب کی تبدیلی کا فیصلہ کر لیں۔

باب چہارم۔ تعریف و سزا

۵۔ **جبری تبدیلی مذہب کی تعریف۔** جبری تبدیلی مذہب سے مراد کسی فرد کو حبس، جبر، استبداد یا دھمکی کے تحت کوئی دوسرا مذہب اختیار کرنے پر مجبور کرنا ہے۔

تشریح: متاثرہ فرد کے خاندان کے کسی فرد، عزیز، برادری یا جائیداد کے خلاف مذکورہ کسی زبردستی، جبر، استبداد یا دھمکی لگائی جا سکتی ہے۔

تشریح: جبری تبدیلی مذہب مختلف طریقہ کار کے تحت رونما ہو سکتی ہے جس میں شامل ہو گا لیکن شادی، جبری مشقت وغیرہ تک محدود نہیں ہو گا۔

۶۔ **تبدیلی مذہب پر مجبور کرنے کی سزا۔** (۱) اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کا ایکٹ ہذا کی دفعہ (۵) میں مذکور طریقے سے جبراً مذہب تبدیل کراتا ہے تو وہ کسی ایک نوعیت کی مدت کے لئے سزائے قید جو پانچ سال سے کم نہ ہو گی اور جرمانہ کا بھی مستوجب ہو گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جرمانہ کے طور پر وصول کردہ رقم متاثرہ شخص کو ادا کی جائے گی۔

(۲) مذہب کی جبری تبدیلی کی صورت میں، ملزم مذہب کی جبری تبدیلی کے الزام کے علاوہ، جہاں قابل اطلاق ہو، ان جرائم کا بھی مستوجب سزا ہو گا جس میں حسب ذیل شامل ہوں گے مگر اس تک محدود نہیں ہوں گے۔

(الف) بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء کے تحت کم سنی کی شادی؛

(ب) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۴۹۸/ب کے تحت جبری شادی؛

(ج) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کے باب ۱۶ کے تحت حبس بے جا میں رکھنا؛

(د) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۳۷۵/اور ۳۷۶ کے تحت زنا بالجبر؛

(ہ) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۳۶۵ب کے تحت کسی خاتون کا اغوا، بھگا کر لے جانا یا اس کو شادی وغیرہ پر مجبور کرنا؛

(و) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۳۶۱ کے تحت قانونی سرپرستی سے اغوا یا بھگا کر لے جانا؛

(ز) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۳۶۴/الف کے تحت چودہ سال سے کم عمر کے کسی فرد کا اغوا یا بھگا کر لے جانا؛

(ح) مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۳۶۷ کے تحت اغوا یا بھگا کر لے جانا تا کہ کسی شخص کو ضرب شدید لگائی جائے، غلام وغیرہ بنایا جائے؛

(ط) جبری مشقت نظام (خاتمہ) ایکٹ، ۱۹۲۲ء کی متعلقہ دفعات کے تحت جبری مشقت؛ اور

(ی) فی الوقت نافذ العمل کوئی دیگر قانون۔

باب پنجم۔ شکایت کا طریقہ کار

۷۔ **عدالت میں عرضداشت۔**۔ (۱) ستم رسیدہ، متضرر شخص یا متاثرہ فرد کی جانب سے مجاز فرد یا مخبر دائرہ اختیار کی حامل اس عدالت میں عرضداشت پیش کر سکتا ہے۔

(اول) جہاں ستم رسیدہ یا متاثرہ شخص رہائش پذیر ہو یا کاروبار کر رہا ہو؛

(دوم) جہاں ملزم رہائش پذیر ہو یا کاروبار کر رہا ہو؛

(۲) عدالت سماعت کے لئے پہلی تاریخ متعین کرے گی جو عدالت کی جانب سے عرضداشت کی وصولی کے بعد ۷ ر ایام سے زیادہ نہ ہو گی۔

(۳) اس قسم کی درخواست کی وصولی کے بعد، عدالت ایک عارضی حکم نامے کے ساتھ یا اس کے بغیر ملزم کو نوٹس جاری کر سکتی ہے کہ وہ نوٹس موصول ہونے کے سات دن کے اندر اندر اظہار وجوہ کرے۔

(۴) قانون کے مطابق اس قسم کا کوئی نوٹس ہر طرح کے طریقوں سے فوری جاری کیا جائے گا مثلاً بذریعہ بیلف، ثبت کر کے، اشاعت کر کے اور کوریئر اور اگر نوٹس ان میں سے کسی ایک طریقے سے بھی وصول کرا دیا جاتا ہے تو نوٹس وصول کردہ تصور کیا جائے گا۔

(۵) عدالت کے روبرو جبری طور پر مذہب کی تبدیلی کے مقدمے کو ۹۰ دن کے عرصہ کے اندر اندر نمٹایا جائے گا اور عرضداشت کی سماعت کے دوران دیئے گئے کسی التواء کے لئے عدالت تحریری طور پر قلمبند کی جانے والی وجوہات کی بناء پر کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت کسی شکایت یا پولیس میں درج پہلی اطلاعاتی رپورٹس کی بابت اختیار سماعت استعمال کر سکتی ہے۔

باب ششم۔ جبری طور پر مذہب کی تبدیلی کی صورت میں بچاؤ، تحویل اور خصوصی طریق ہائے کار

۸۔ **متاثرہ فرد کا بچاؤ اور بازیابی۔**۔ ایک پولیس آفیسر یا قانون کے مطابق مجاز فرد جبری طور پر مذہب کی تبدیلی کے معاملہ کی اطلاع موصول ہونے پر چھان بین کے بعد متاثرہ فرد کو بھی تحویل میں لے سکتا ہے اور اسے تحویل میں لینے کے بعد ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر عدالت کے روبرو پیش کر سکتا ہے۔

۹۔ **وارنٹ برائے تلاشی۔**۔ (۱) اگر کسی فرد، جو کہ عدالت کی رائے میں متاثرہ فرد کے مفاد میں مصروف عمل ہو، کی جانب سے حلفاً یا اقرار حلفیہ پر موصولہ معلومات سے عدالت کو آشکار ہو کہ ایسا شبہ کرنے کا معقول جواز موجود ہے کہ جبری تبدیلی کا جرم سرزد ہو چکا ہے یا ہو رہا ہے یا بجز اس کے کہ فوری اقدامات اٹھائے جائیں سرزد ہو جائے گا، عدالت کسی پولیس افسر یا قانوناً مجاز کسی فرد کو احکامات جاری کر سکتی ہے کہ ایسے مبینہ طور پر متاثرہ فرد کو تلاش کرے نیز اگر یہ قرار پائے کہ ایسا فرد متاثرہ ہے یا جبری تبدیلی مذہب سے متاثرہ ہونے کا اندیشہ ہے تو اسے وہاں سے منتقل کیا جائے اور اس کے ساتھ ایکٹ ہذا اور قواعد کی مقتضیات کے مطابق سلوک کیا جائے۔

(۲) وارنٹ کا تعمیل کنندہ افسر معلومات پیش کرنے والے فرد کو ہمراہ لے جا سکتا ہے۔ نیز اگر وارنٹ جاری کرنے والی عدالت احکامات جاری کرے تو پولیس یا کسی فرد جسے قانون، عدالت یا دونوں مجاز قرار دیں، کو بھی ساتھ لے جا سکتا ہے۔

(۳) دفعہ ہذا کے تحت وارنٹ جاری کرنے والی عدالت اپنی صوابدید کے ساتھ اسی وارنٹ کے ذریعہ ہدایت دے سکتی ہے کہ ایکٹ ہذا کے تحت کسی جرم میں ملزم کسی فرد کو حراست میں لیا جائے اور اس کے روبرو پیش کیا جائے۔

۱۰۔ عارضی تحویل۔ (۱) جب کسی متاثرہ فرد یا کسی ملزم کو دفعہ ۸ یا ۹ کے تحت حراست میں لیا جائے، ایسے متاثرہ فرد کو فی الفور عدالت کے روبرو پیش کیا جائے اور اگر کسی بناء پر متاثرہ فرد یا ملزم کو عدالت کے روبرو فوری طور پر پیش کرنا ممکن نہ ہو تو متاثرہ فرد کو فی الفور خدمات فراہم کرنے والے قریب ترین شیلٹر ہوم یا ادارہ حفاظت اطفال پہنچایا جائے گا؛ نیز ملزم کو مقررہ مدت کے اندر عدالت کے روبرو پیش کرنے تک عدالت کی حدود اختیار کے اندر قریب ترین تھانہ میں فی الفور پہنچایا جائے گا۔

(۲) بچے کی شادی کے ذریعے مذہب کی مبینہ جبری تبدیلی کے مقدمات میں عدالت:

(الف) طے کرے گی کہ آیا متاثرہ فرد بچہ ہے؛

(ب) یہ اطمینان کرنے کے بعد کہ متاثرہ فرد بچہ ہے، عدالت اس بچہ کو والدین یا سرپرست کی تحویل میں رکھے گی، الا یہ کہ عدالت کے پاس اس بات کا معقول جواز موجود ہو کہ یہ بچے کے بہترین مفاد میں نہیں ہو سکتا؛

(ج) بچے یا بچی کو اس کے والدین یا سرپرستوں کی تحویل میں نہ رکھنے کی وجوہات تحریری طور پر پیش کرے گی؛

(د) اگر متاثرہ بچہ سماعت میں التواء کے دوران والدین یا سرپرستوں کی تحویل میں نہیں رکھا جا رہا، کسی ادارۂ تحفظ اطفال میں عارضی تحویل یقینی بنائے گی؛ نیز

(ہ) یہ بات یقینی بنائے گی کہ بچے یا بچی کو مبینہ خاوند یا بیوی، اس کے خاندان یا اس سے متعلقہ کسی فرد کی تحویل میں نہ دیا جائے گا، یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ بچوں کی شادی پاکستان بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء کی رو سے ایک فوجداری جرم ہے۔

(۳) کسی بالغ فرد کی شادی کے ذریعے مبینہ جبری تبدیلی مذہب کے مقدمات میں، متاثرہ فرد سماعت میں التواء کے دوران خدمات کے فراہم کنندہ کے شیلٹر ہوم کی عارضی تحویل میں دیا جائے گا، الا یہ کہ متاثرہ فرد اس کے برخلاف معقول جواز پیش کرے۔

(۴) ذیلی دفعہ ۲ اور ۳ کی رو سے عارضی تحویل فراہم کرتے ہوئے عدالت سیکیورٹی کے مفاد میں اپنی صوابدید استعمال کرتے ہوئے ضروری سرکاری عملے کے علاوہ کسی بھی شخص سے اس مقام کی بابت معلومات محفوظ رکھے گی جہاں متاثرہ فرد نے سکونت اختیار کر رکھی ہو۔

(۵) کوئی شخص جو متاثرہ فرد کی رہائش کے مقام کو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے عیاں کرے، توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (آرڈیننس نمبر ۴ بابت ۲۰۰۳ء) کے تحت توہین عدالت کی سزاؤں اور دیگر سزاؤں جو عدالت مناسب سمجھے، کا مستوجب ہو گا۔

(۶) ذیلی دفعات (۲) اور (۳) میں نشاندہی کردہ عارضی تحویل کے متاثرہ شخص کو صرف اس مرد یا عورت کی رضاکارانہ تحریری رضامندی پر اس مرد یا عورت کے والدین، سربراہان، خاوند، متوقع دولہا یا سسرالیوں سے ملنے کی اجازت دی جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایسی کسی بھی ملاقات کی نگرانی پولیس افسر، ادارہ خدمات فراہم کنندہ یا ادارہ تحفظ بچگان کا سینئر ملازم یا عدالت کی جانب سے کوئی مجاز شخص کرے۔

مگر مزید شرط یہ ہے کہ ایسی کسی ملاقات کو عدالت کی ہدایت پر پولیس تحفظ فراہم کیا جائے۔

۱۱۔ **کسی شخص کو درست فیصلے کے لئے وقت دینا۔** (۱) کسی بالغ کے مذہب کی مبینہ جبری تبدیلی کے مقدمات میں، ایکٹ ہذا کے تحت جبری تبدیلی کا مقدمہ شروع کرنے سے قبل عدالت نئے مذہب کی تبدیلی سے متعلق آزادانہ فیصلے کے لئے مبینہ متاثرہ شخص کو اکیس (۲۱) دن دے گی۔

(۲) اس عرصہ کے دوران اس مرد یا عورت کو موقع فراہم کیا جائے گا کہ وہ مرد یا عورت اگر چاہے تو تقابل ادیان کا مطالعہ کرے۔

(۳) اس عرصہ کی تکمیل پر مبینہ متاثرہ شخص عدالت کے سامنے بیان ریکارڈ کرائے گا آیا اس مرد یا عورت نے اپنی رضامندی اور مرضی سے مذہب تبدیل کیا ہے۔

(۴) عدالت کو بالغ متاثرہ شخص کی درخواست اور رضامندی پر ذیلی دفعہ (۱) کی تصریحات کو نظر انداز کیا جاسکتا ہے اور فوری طور پر جبری تبدیلی کا مقدمہ شروع کیا جاسکتا ہے۔

۱۲۔ **خصوصی اقدامات اختیار کئے جائیں گے۔** (۱) عدالت کی صوابدید پر، اس معاملے کی تفتیش اور سماعت کے دوران مذہب کی جبری تبدیلی کے مقدمات میں خصوصی اقدامات کئے جاسکیں گے۔ ان خصوصی اقدامات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں مگر وہ ان تک محدود نہیں ہوں گے:۔

(اول) عدالت کی منظوری کیس کی سماعت مختلف اور محفوظ مقام پر کرنا؛

(دوم) ضروری سرکاری عملہ کے علاوہ کسی اور شخص کو اس مقام پر جہاں متاثرہ رہائش پذیر ہے نہ آنے دینا؛

(سوم) عدالت کی جانب سے منظور شدہ مقام پر متاثرہ شخص کا بیان لینا اور شہادت قلمبند کرنا؛

(چہارم) عدالت لانے اور لے جانے کے دوران متاثرہ شخص کو پولیس کا تحفظ فراہم کرنا؛

(پنجم) عدالت یا پولیس اسٹیشن کی حدود اختیار سے متاثرہ شخص کو باہر جانے سے منع کرنے کے لئے حکم دینا یا حکم امتناعی جاری کرنا؛

(ششم) حالات کے مطابق خفیہ سماعت کرنا یا کوئی دیگر ضروری حکم جاری کرنا؛ اور

(ہفتم) اگر ملزم قصور وار پایا جائے تو شادی کے ذریعے جبری منتقلی کے متاثرہ شخص کی رضامندی پر طلاق کی کارروائیوں کا فوری آغاز کرنا اور اس میں تیزی لانا۔

(۲) عدالت استغاثہ کے گواہان، تفتیشی افسران، وکلاء استغاثہ، متاثرہ شخص، اس مرد یا اس عورت کے خاندان اور جج صاحبان کو تفتیش اور سماعت کے التواء کے دوران، اور اگر ضروری ہو، مقدمہ کی سماعت کے بعد، انہیں مناسب تحفظ فراہم کرنے کے لئے مناسب اقدامات کرے گی۔

۱۳۔ **بچے کے معاملے کے مقدمات میں افراد کی موجودگی۔** (۱) بعد ازیں اس فعل میں شناخت شدہ افراد کے ماسوائے بچے کے کیسز کی بابت عدالت کی نشست میں کوئی شخص موجود نہیں ہو گا۔

(اول) عدالت کے فریقین کے اراکین؛

(دوم) عدالت کے سامنے کیس کے فریقین اور دیگر اشخاص جو کہ براہ راست اس کیس سے تعلق رکھتے ہوں بشمول پولیس افسران؛ نیز

(سوم) ایسے دیگر اشخاص جنہیں عدالت بالخصوص پیش ہونے کی اجازت دے۔

۱۴۔ **عدالتوں سے اشخاص کی دستبرداری**۔ ۔اگر مقدمہ کی سماعت یا کارروائی کے دوران کسی مرحلہ پر عدالت کسی شخص بشمول والدین، سرپرست یا متاثرہ شخص کی زوجہ، حمایت کنندگان وغیرہ کو متاثرہ شخص کے بہترین مفاد کی خاطر دستبردار ہونے کی ہدایت کرنے کو مناسب سمجھے تو عدالت مذکورہ ہدایت دے سکتی ہے اور مذکورہ شخص دست بردار ہوگا۔ اگر کوئی شخص درست بردار ہونے سے انکار کردے تو عدالت اسے دستبردار کرنے کے لئے اقدامات کرسکتی ہے اور توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۴بابت ۲۰۰۳ء) کے تحت توہین عدالت کا مرتکب قرار دے سکتی ہے۔

۱۵۔ **جرح کے دوران عدالت سے اشخاص کی دست برداری**۔۔ (۱) اگر مقدمہ کی سماعت کے دوران کسی مرحلہ پر جس متاثرہ شخص پر جرح کی جاتی ہے، سماعت یا کارروائی کرنے والی کوئی عدالت مذکورہ شخص جیسا کہ وہ مناسب سمجھے، مقدمہ یا کارروائی کرنے والے قانونی مشیر اور مقدمہ یا کارروائی کے متعلقہ افسران کی فریق نہ ہو دست برداری کا حکم دے سکتی ہے۔ مزکورہ شخص تب دست بردار ہوگا اگر کوئی شخص دست، بردار ہونے سے انکار کرتا ہے تو عدالت اسے ہٹانے کے لئے اقدامات کرسکتی ہے اور توہین عدالت ایکٹ آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۴بابت ۲۰۰۳ء) کے تحت توہین عدالت کا مرتکب قرار دے سکتی ہے۔

(۲) عدالت اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کرسکتی ہے اور متاثرہ شخص کی ان کیمرہ، بذریعہ ویڈیو لنگ، عدالت کی جانب سے منظور کردہ محفوظ مقام یا متاثرہ شخص کے بہترین مفاد میں ضروری خیال کرتے ہوئے سکرینوں کے استعمال یا کوئی دیگر ذرائع استعمال کرتے ہوئے متاثرہ شخص پر جرح کی اجازت دے سکتی ہے۔

۱۶۔ **مقدمات یا کارروائی میں شامل بچوں اور مجذوب اشخاص کے نام، پتے وغیرہ کی اشاعت کی ممانعت**۔۔ مذکورہ کسی بچے یا مجذوب شخص کے بہترین مفاد میں کسی عدالت میں مقدمہ یا کارروائی جس میں بچہ یا مجذوب شخص شامل ہو کی کوئی رپورٹ کسی اخبار، میگزین، نیوز شیٹ یا سوشل میڈیا کے کسی ذریعہ سے نام، پتے یا اسکول یا مذکورہ بچہ یا مجذوب شخص کی بالواسطہ یا بلاواسطہ شناخت سے متعلقہ کوائف افشاء کرے گا نہ ہی تصویر شائع کی جائے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ وجوہات تحریراً ریکارڈ کی جائیں گی، مقدمہ کی سماعت یا کارروائی کے دوران عدالت نام یا مقدمہ یا کارروائیوں سے متعلقہ کوئی دیگر منظور شدہ معلومات کو افشاء کرنے کی اجازت دے سکتی ہے، اگر اس کی رائے میں ایسا افشاء کرنا اس بچہ یا مجذوب فرد کی فلاح و بہبود کے مفاد میں ہے اور منفی اثرات کا بھی امکان نہیں ہے۔

۱۷۔ **بچوں کی شادی کا مقدمہ**۔۔ (۱) بچوں کی شادی کے مقدمات میں اس ایکٹ کی دفعات کے ساتھ ساتھ بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء اور اس کے قواعد لاگو ہوں گے۔

(۲) مناسب کی غرض سے اس ایکٹ اور بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء کے تحت مقدمہ یکجا کر کے اس کی سماعت بیک وقت کی جائے گی۔

۱۸۔ **جرائم قابل دست اندازی پولیس، ناقابل ضمانت اور ناقابل مصالحت ہوں گے۔۔** ایکٹ ہذا کے تحت قابل سزا کوئی جرم قابل سماعت، ناقابل ضمانت اور ناقابل مصالحت ہو گا۔

۱۹۔ **طریق کار کے قواعد۔۔** بجز اس امر کے کہ ایکٹ ہذا میں کچھ اور مذکور ہو، ایکٹ ہذا کی تصریحات کے تحت کی گئی جملہ کارروائیاں اور ارتکاب کئے گئے جرائم کو مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء کے تحت نمٹایا جائے گا۔

۲۰۔ **نیک نیتی کا حسن ظن۔۔** کوئی کام جو ایکٹ ہذا کے تحت نیک نیتی میں کیا جاتا ہے یا کیا جانا مقصود ہے کے ضمن میں سرکاری ملازم، مخبر، خدمات فراہم کنندہ یا ادارہ تحفظ بچگان کے خلاف کوئی مقدمہ، استغاثہ یا کوئی دیگر قانونی کارروائیاں نہیں ہوں گی۔

۲۱۔ **استثنیٰ:۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات اس کے علاوہ ہوں گی؛ اور فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کی تحقیر نہیں ہو گی۔

۲۲۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔۔** حکومت، ایکٹ ہذا کے اغراض کی تعمیل کے لئے، سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۳۔ **ازالہ مشکلات۔۔** ایکٹ ہذا کی کسی دفعہ پر عمل درآمد کے دوران پیدا ہونے والی کسی مشکل کی صورت میں حکومت مذکورہ مشکل کو دور کرنے کے لئے کوئی حکم جو کہ ایکٹ ہذا کی دفعات سے غیر موافق نہ ہو، دے سکے گی۔

بیان اغراض و وجوہ

مذہب کی زبردستی تبدیلی کے خلاف افراد کو تحفظ فراہم کرنے اور ان کی مذہبی آزادی کو تسلیم کرنے کے حق، تمام افراد کو اپنی مرضی سے شادی کرنے کی آزادی کا حق اور یہ تسلیم کرتے مذہب کی تبدیلی ایک قابل نفرت، پر تشدد عمل اور جرم ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس کا سد باب ضروری ہے۔

یہ ضروری ہے کہ مذہب کی زبردستی تبدیلی کے عمل کو غیر قانونی قرار دیا جائے اور جو اس ظالمانہ رسم کا شکار ہوئے ہیں انہیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور تمام افراد کو اپنا مذہب منتخب کرنے، اس کی پیروی کرنے اور مرضی سے شادی کرنے کی آزادی کا حق فراہم کرتا ہے۔

حکومت پاکستان، بین الاقوامی انسانی حقوق کنونشنز بشمول عالمی حقوق کے عالمی ڈیکلریشن اور حقوق بچگان کنونشن، خواتین کے خلاف تمام امتیاز کے خاتمے کا کنونشن، بین الاقوامی کنونشن برائے شہری وسیاسی حقوق اور بین الاقوامی کنونشن برائے اقتصادی، ثقافتی و سماجی حقوق کے تحت اپنے وعدے پورے کرنے کا پابند ہے اس لئے یہ بل پیش کیا گیا ہے۔

اس بل کا مقصد درج بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
ڈاکٹر رمیش کمار وینکوانی
رکن، قومی اسمبلی